**فوری ریلیز کے لیے:** 20/3/2024 ***KATHY HOCHUL گورنر***

***گورنر HOCHUL نے مونرو کاؤنٹی میں ذہنی صحت کی پیچیدہ ضروریات والے افراد کے لیے خدمات کو وسعت دے دی***

***ریاست کی چوتھی عمیق اور مستحکم مشغولیت ٹیم (Intensive and Sustained Engagement Team) کے لیے $4 ملین مختص کر دیے گئے***

***یہ اقدام دماغی صحت کی دیکھ بھال کے ریاستی نظام کو مضبوط تر بنانے کے لیے گورنر Hochul کے تاریخی $1 بلین منصوبے کا حصہ ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ راچیسٹر کے شہر اور مونرو کاؤنٹی میں ایک نئی عمیق اور مستحکم مشغولیت ٹیم (Intensive and Sustained Engagement team) کے قیام کے لئے $4 ملین کا ایوارڈ دیا گیا ہے تاکہ وہ ذہنی صحت کی پیچیدہ ضروریات والے افراد کے لئے خدمات انجام دے۔ ریاست کے دفتر برائے دماغی صحت (Office of Mental Health) کے زیر انتظام یہ ریاستی فنڈنگ نیویارک کی چوتھی ہم مرتبہ قیادت والی ٹیم قائم کرے گی تاکہ پیچیدہ ضروریات والے ایسے افراد کو انتہائی معاونت والی خدمات فراہم کی جا سکیں جنہیں ذہنی صحت کی نگہداشت کی روایتی صورتوں سے منسلک ہونے میں دشواری کا سامنا رہتا ہے۔

"نیو یارک کے وہ افراد جنہیں بذات خود کسی ذہنی بیماری کا تجربہ ہوا ہے، وہ اکثر پیچیدہ ذہنی اور جسمانی صحت کی ضروریات والے افراد کو کامیابی کے ساتھ ان خدمات میں شامل ہونے پر آمادہ کرنے میں سب سے زیادہ مؤثر ثابت ہوتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم مرتبہ افراد کی زیرقیادت اس کامیاب پروگرام کو مونرو کاؤنٹی تک وسعت دے کر، ہم ذہنی صحت کی نگہداشت کی ضروریات پوری کرنے والے افراد کی مزید تعداد تک پہنچ سکتے ہیں اور انہیں ایسی خدمات اور معاونتوں سے مربوط کرنے میں مدد دے سکتے ہیں جن پر وہ اپنی کمیونٹی میں محفوظ اور کامیابی سے زندگی گزارنے کے لیے بھروسہ کرتے ہوں۔ "

دفتر برائے ذہنی صحت (Office of Mental Health, OMH) نے $12 ملین ایوارڈ کیے ہیں نیویارک سٹی، ویسٹ چیسٹر، اور لانگ آئی لینڈ میں پہلی تین ریاستی ٹیمیں قائم کرنے کے لیے استعمال کیے جائیں گے۔ بالائی ریاست میں پہلی ٹیم Housing Options Made Easy, Inc. ہے جو ایری کاؤنٹی میں قائم ایک سروس فراہم کنندہ ہیں اور جنکے 20 پڑوسی کاؤنٹیز میں بھی الحاقی پروگرامز ہیں۔ وہ پانچ سالوں میں ملنے والی فنڈنگ کے ذریعے نئی ٹیم تیار کریں گے۔ اس مضبوط ٹیم میں ایک ہم مرتبہ ٹیم لیڈر ہوگا، معاون عملہ ہوگا، خاندان کا ایک فردِ رابطہ ہوگا، اور دیگر لائسنس یافتہ پیشہ ور بھی ماہرین ہوں گے جن میں ایک سماجی کارکن اور ایک نرس پریکٹیشنر شامل ہیں۔

**ذہنی صحت کے دفتر کی کمشنر Dr. Ann Sullivan نے کہا،** "ایسے افراد جنہوں نے بذات خود کسی ذہنی بیماری کے ساتھ زندگی گزاری ہے، وہ آج اپنے جیسی مشکلات کا سامنا کرنے والوں کی مدد کرنے کے لئے ایک منفرد پوزیشن میں ہیں۔ یہ ہنر مند ٹیمیں ذہنی صحت کی پیچیدہ ضروریات رکھنے والے افراد میں اعتماد اور بھروسہ پیدا کر سکتی ہیں اور انکی منفرد بحالی کے لیے درکار خدمات میں مشغول ہونے میں ان کی مدد و معاونت کر سکتی ہیں۔ گورنر Hochul کی جانب سے اس کامیاب پروگرام کو وسعت دینا ہمارے دماغی صحت کی دیکھ بھال کے نظام میں

موجود خامیوں کو مکمل طور پر دور کرنے اور یہ امر یقینی بنانے کے ان کے عزم مصمم کی ایک اور مثال ہے کہ نیویارک کے تمام باشندوں کو ان معاونتی خدمات تک رسائی حاصل ہو۔"

قومی پیمانے پر کیے گئے مطالعات ظاہر کرتے ہیں کہ ہم مرتبہ لوگوں کو شامل کرنے سے ایسے افراد تک پہنچنے، انہیں مشغول کرنے اور ان سے جڑنے میں مدد مل سکتی ہے جنہیں ذہنی صحت کی روایتی خدمات سے منسلک ہونے میں دشواری کا سامنا ہوتا ہے۔ انہیں کیفیات سے گزرنے والے یہ پیشہ ور افراد صحتیابی کے راستے پر دوسروں کی مدد تو کرتے ہی ہیں، بلکہ اسکے ساتھ ساتھ وہ ذہنی صحت کے چیلنجوں کا سامنا کرنے والے افراد کو زندگی گزارنے کی مہارتیں بھی سکھاتے ہیں اور کمیونٹی میں کامیاب اور بامعنی زندگی گزارنے کے گر بھی بتاتے ہیں۔

Intensive and Sustained Engagement یونٹ گورنر Hochul کے $1 بلین والے ذہنی صحت کی نگہداشت کے منصوبے کا حصہ ہے جسکے تحت ریاست نیویارک کے دماغی صحت کی دیکھ بھال کے پورے نظام میں وسیع تر صلاحیتیں شامل کی جا رہی ہیں، کامیابی کا ریکارڈ رکھنے والے موجودہ پروگراموں کو وسعت دی جا رہی ہے، اور ثبوتوں پر مبنی نئے اقدامات کو فنڈنگ فراہم کی جا رہی ہے۔ آج، اس فنڈنگ کے تقریباً 900$ ملین اب حصول کے مرحلے میں ہیں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں